हुस्न और इश्क़

حسن اور عشق

اداکاران
سنجیو کمار
ببے لکشمی
جیون

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

حسن اور عشق کے گانے

گانا نمبر ۱

اے میرے دل تیری منزل ابھی آنے والی ہے
ذرا سی دیر میں تیری قسمت
بدل جانے والی ہے
دنیا کے جو دل اس زمین کا
یہ بجلی یہ بادل
چاہت کا پیغام سب کو تو راہ میں دنیا چل
زمانہ کا تو نے دیوانہ جانے کوئی
ہلکا سا ان کا اشارہ مدہوش کر دے گا
پیغام آنکھوں سے کوئی
سنس میں کے بھر دے گا
اے پیاس بجھے گی ابھی تیری گھبرانا نہیں

گانا نمبر ۲

جن کی تصویر نگاہوں میں لئے پھرتا ہوں
وہ یہ کہتے ہیں آوارہ ہے دل تھا ہے
پھولوں سا چہرا ہے شرمیلی آنکھیں ہیں
نوکیلی پلک ہائے
دل کو کرتی ہے بے چین
بل کھائی یہ متوالی زلفیں

دیکھو بدلی ہوائیں زمانے کی
یہ سزا ہے تمکو دل لگانے کی
دلربا یہ جبیں چاند بھی
ڈھل گیا یہ پاہیں صورت
سانسوں کی گرمی سے تن بدن
جل گیا یہ آنکھیں برسیں
دیکھو مانگی دعا جنہیں پانے کی
وہی باتیں کرے ہے جلانے کی

گانا نمبر ۳:- نہیں نہیں تیری باتوں کا اعتبار نہیں
تو سچ بتا دے کسی اور سے تو پیار نہیں
لبوں سے ہمیں پیار کا جواب نہ دے
نہیں ہے جس میں نشہ
پھر وہی شراب نہ دے
تجھ سے یہ شکوہ ہے باقی
آخر تو کیسا ہے ساقی
ہزار جام پئے ہیں مگر خمار نہیں
پھر آج مجھ پہ ستم ہم سے کھائی خانی ہے
کوئی تو بات ہے جو یوں چھپائی جاتی ہے
ہائے یہ چپ رہنا تیرا
دیوانے کیا کہنا تیرا
زمانے بھر میں کوئی اتنا ہوشیار نہیں

گانا نمبر ۴: ہم جہاں ہیں وہ مقام حسن اور عشق ہے
اسی زندگی کا نام حسن اور عشق ہے
رنگینیاں ہیں کتنی ایسی زندگی میں
ڈوبے ہوئے ہیں ہم تم اک بیخودی میں
اسی بیخودی کا نام
حسن اور عشق ہے
جان بہاراں تم ہو جان چمن ہو
تم صبح زندگی کی پہلی کرن ہو
اسی روشنی کا نام
حسن اور عشق ہے
دل کا فسانہ آیا جب سے زباں پر
ہم تم ہیں چھائے ہوئے دونوں جہاں پر
اسی دل لگی کا نام
حسن اور عشق ہے

گانا نمبر ۵: تیرا برسات کا جیا ہو تو
ان آنکھوں میں آ بیٹھو
وہ برسوں میں برستی ہے
یہ برسوں سے برستی ہے
محبت کر کے ممکن ہے
زمانے کو بھلا بیٹھو
کب سے دل انتظار میں جلتا ہے

یہ گھر بھری بہار میں جانتا ہے
تمہیں ڈھونڈتی ہے سلگتی جوانی
اگر ہو سکے تو کرو مہربانی
محبت کی قسم اب تو
نہ ہم سے خفا بیٹھو

کب تک تمہاری یاد میں تڑپوں میں
کب تک تمہارے پیار کو ترسوں میں
لب پہ ہے دم نہ رستے پہ نظر ہے
ادھورے ہیں سجدے دعا بے اثر ہے
غرور حسن کے صدقے
نہ یوں بن کے خفا بیٹھو

گانا نمبر ۶: دل کے برباد ہونے سے ڈر
درد کے پیغام سے ڈر
صبح کے بعد بھی اک شام ہے
اس شام سے ڈر

ہم تو ہر حال میں یہ درد
یہ غم سہہ لیں گے
ظلم کر ہم پہ مگر
ظلم کے انجام سے ڈر
ارے ستمگر اک اگر بھول کر
کہ ٹوٹ کر دل دعا کرے گا

ہمیں کسی پر گلہ نہیں ہے
کہ وقت خود فیصلہ کرے گا
زندگی ہمیں راس آ نہ سکی
موت بھی ہم پہ ترس کھا نہ سکی
اب کیا ہے دم توڑ چکے ہیں
دل کے سب ارماں
کوئی آرزو رنگ لا نہ سکی
خونِ دل پی چکے
ہم بہت جی چکے
ہر گھڑی اپنا حادثہ ہو تو ہو
تن سے روح بھی اب جدا ہو تو ہو
ان کی تمنا ان کی محبت
ہے اپنا ایمان
چاہے خود بھی
خفا ہو تو ہو
مر بھی جائیں تو کیا
آئے گی یہ صدا

تمام شد

کاشتکاری باغبانی

بیج کھاد تیمر کا بیان۔ ساگ۔ کھمبی۔ ادرک۔ گوبھی۔ کھیرا۔ اجوائن۔ سنگھاڑا۔ کریلا۔ تربوز۔ بیم۔ چقندر۔ اناج کی کھیتی۔ پھلوں کی کھیتی۔ باغبانی میں کام آنے والے اوزار۔ اور بیجی ساگ سبزیوں کا جو اس زمانے میں پیدا ہوتی ہیں۔ پورا حال درج ہے۔

قیمت صرف چار روپے علاوہ ڈاک خرچ

تمباکو کی دکان

اگر آپ ہر طرح کے کھانے اور پینے والے تمباکو کا کاروبار کرنا چاہتے ہیں تو یہ کتاب آپ کو بہت مدد دے گی۔ اس کی مدد سے آپ لذیذ تمباکو تیار کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف 8/ اعہ علاوہ ڈاک خرچ

کارپینٹر گائیڈ یعنی فرنیچر بک

بہترین کاریگری کے جدید ترین ڈیزائنوں کے فرنیچر کے نمونے اور ان کے تیار کرنے کے نہایت آسان طریقے۔ لکڑی کے کام اور کاریگری کے مضمون پر ایک جامع اور مبسوط کتاب۔

قیمت صرف چھ روپے محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

اردو انگلش میٹرک پاس

دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک ۔ انگریزی بولی جاتی ہے ۔ دنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاروں میں بنک اور کارخانوں میں غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بولا ہے ۔ آپ اگر انگریزی نہیں جانتے تو آپ دنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے ۔ اسلئے انگریزی سیکھئے ۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں ۔ آپ بھی صرف ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں سیکھ سکتے ہیں ۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل کر سکتے ہیں ۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے ۔ یہ کتاب ہائی سکول و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے ۔ بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہے ۔ صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس لاثانی کتاب کی مدد سے پاس ہو گئے ہیں ۔ جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیے ۔

قیمت صرف چھ روپے علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی